فَسُبْحَانَ الَّذِي بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ

وہ (ذات) پاک ہے جسکے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہت ہے اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے

# Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari

(فتح محمد جالندہری)

## سورة يس

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

يس (1)

یٰسین

وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ (2)

قسم ہے قرآن کی جو حکمت سے بھرا ہوا ہے

إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ (3)

(اے محمدﷺ) بے شک تم پیغمبروں میں سے ہو

عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (4)

سیدھے راستے پر

تَنزِيلَ الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ (5)

(یہ خدائے) غالب (اور) مہربان نے نازل کیا ہے

لِتُنذِرَ قَوْمًا مَّا أُنذِرَ آبَاؤُهُمْ

تاکہ تم ان لوگوں کو جن کے باپ دادا کو متنبہ نہیں کیا گیا تھا متنبہ کر دو

فَهُمْ غَافِلُونَ (6)

وہ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلَىٰ أَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ (7)

ان میں سے اکثر پر (خدا کی) بات پوری ہو چکی ہے سو وہ ایمان نہیں لائینگے

إِنَّا جَعَلْنَا فِي أَعْنَاقِهِمْ أَغْلَالًا

ہم نے ان کی گردنوں میں طوق ڈال رکھے ہیں

فَهِيَ إِلَى الْأَذْقَانِ فَهُم مُّقْمَحُونَ (8)

اور وہ ٹھوڑیوں تک (پھنسے ہوئے ہیں) تو ان کے سر الل رہے ہیں

وَجَعَلْنَا مِن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا

اور ہم نے ان کے آگے بھی دیوار بنادی اور ان کے پیچھے بھی

فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ (9)

پھر ان پر پردہ ڈال دیا تو یہ دیکھ نہیں سکتے

وَسَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ (10)

اور تم ان کو نصیحت کرو یا نہ کرو ان کے لئے برابر ہے وہ ایمان نہیں لانے کے

إِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمَٰنَ بِالْغَيْبِ ۖ

تم تو صرف اس شخص کو نصیحت کرسکتے ہو جو نصیحت کی پیروی کرے اور خدا سے غائبانہ ڈرے

فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَأَجْرٍ كَرِيمٍ (11)

سو اس کو مغفرت اور بڑے ثواب کی بشارت سنا دو

إِنَّا نَحْنُ نُحْيِي الْمَوْتَىٰ

بے شک ہم مردوں کو زندہ کریں گے

وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ ۚ

اور جو کچھ وہ آگے بھیج چکے اور (جو) ان کے نشان پیچھے رہ گئے ہم ان کو قلمبند کرلیتے ہیں

وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ فِي إِمَامٍ مُبِينٍ (12)

اور ہر چیز کو ہم نے کتاب روشن (یعنی لوح) محفوظ میں لکھ رکھا ہے

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ إِذْ جَاءَهَا الْمُرْسَلُونَ (13)

اور ان سے گاؤں والوں کا قصہ بیان کرو جب ان کے پاس پیغمبر آئے

إِذْ أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا

(یعنی) جب ہم نے ان کی طرف دو (پیغمبر) بھیجے تو انہوں نے ان کو جھٹلایا

فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوا إِنَّا إِلَيْكُمْ مُرْسَلُونَ (14)

پھر ہم نے تیسرے سے تقویت دی تو انہوں نے کہا کہ ہم تمہاری طرف پیغمبر ہو کر آئے ہیں

قَالُوا مَا أَنْتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا

وہ بولے کہ تم (اور کچھ) نہیں مگر ہماری طرح کے آدمی (ہو)

وَمَا أَنْزَلَ الرَّحْمَٰنُ مِنْ شَيْءٍ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ (15)

اور خدا نے کوئی چیز نازل نہیں کی تم محض جھوٹ بولتے ہو

قَالُوا رَبُّنَا يَعْلَمُ إِنَّا إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ (16)

انہوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار جانتا ہے کہ ہم تمہاری طرف (پیغام دے کر) بھیجے گئے ہیں

وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ (17)

اور ہمارے ذمے تو صاف صاف پہنچا دینا ہے اور بس

قَالُوا إِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۖ

وہ بولے کہ ہم تم کو نامبارک دیکھتے ہیں

لَئِنْ لَمْ تَنْتَهُوا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِنَّا عَذَابٌ أَلِيمٌ (18)

اگر تم باز نہ آؤ گے تو ہم تمہیں سنگسار کر دیں گے اور تم کو ہم سے دکھ دینے والا عذاب پہنچے گا

قَالُوا طَائِرُكُمْ مَعَكُمْ ۚ

انہوں نے کہا کہ تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے

أَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۚ

کیا اس لئے کہ تم کو نصیحت کی گئی

بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ مُسْرِفُونَ (19)

بلکہ تم ایسے لوگ ہو جو حد سے تجاوز کر گئے ہو

وَجَاءَ مِنْ أَقْصَى الْمَدِينَةِ رَجُلٌ يَسْعَى

اور شہر کے پرلے کنارے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا

قَالَ يَا قَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِينَ (20)

کہنے لگا کہ اے میری قوم پیغمبروں کے پیچھے چلو

اتَّبِعُوا مَنْ لَا يَسْأَلُكُمْ أَجْرًا وَهُمْ مُهْتَدُونَ (21)

ایسوں کے لیے جو تم سے صلہ نہیں مانگتے اور وہ سیدھے راستے پر ہیں

وَمَا لِيَ لَا أَعْبُدُ الَّذِي فَطَرَنِي

اور مجھے کیا ہے کہ اس کی پرستش نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا

وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (22)

اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے

أَأَتَّخِذُ مِنْ دُونِهِ آلِهَةً

کیا میں ان کو چھوڑ کر اوروں کو معبود بناؤں؟

إِنْ يُرِدْنِ الرَّحْمَنُ بِضُرٍّ لَا تُغْنِ عَنِّي شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَلَا يُنْقِذُونِ (23)

اگر خدا میرے حق میں نقصان کرنا چاہے تو ان کی سفارش

مجھے کچھ بھی فائدہ نہ دے سکے اور نہ وہ مجھ کو چھڑا ہی سکیں

إِنِّي إِذًا لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ (24)

تب تو میں صریح گمراہی میں مبتلا ہو گیا

إِنِّي آمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُونِ (25)

میں تمہارے پروردگار پر ایمان لایا ہوں سو میری بات سن رکھو

قِيلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۖ

حکم ہوا کہ بہشت میں داخل ہو جا

قَالَ يَا لَيْتَ قَوْمِي يَعْلَمُونَ (26)

بولا کاش میری قوم کو خبر ہو

بِمَا غَفَرَ لِي رَبِّي وَجَعَلَنِي مِنَ الْمُكْرَمِينَ (27)

کہ خدا نے مجھے بخش دیا اور عزت والوں میں کیا

وَمَا أَنْزَلْنَا عَلَىٰ قَوْمِهِ مِنْ بَعْدِهِ مِنْ جُنْدٍ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِينَ (28)

اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر کوئی لشکر نہیں اتارا اور نہ ہم اتارنے والے تھے ہی

إِنْ كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً

وہ تو صرف ایک چنگھاڑ تھی (آتشیں)

فَإِذَا هُمْ خَامِدُونَ (29)

سو وہ (اس سے) ناگہاں بجھ کر رہ گئے

يَا حَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ

بندوں پر افسوس ہے

مَا يَأْتِيهِمْ مِنْ رَسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (30)

کہ ان کے پاس کوئی پیغمبر نہیں آتا مگر اس سے تمسخر کرتے ہیں

أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنَ الْقُرُونِ

کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے بہت سے لوگوں کو ہلاک کر دیا تھا

أَنَّهُمْ إِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُونَ (31)

اب وہ ان کی طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے

وَإِنْ كُلٌّ لَمَّا جَمِيعٌ لَدَيْنَا مُحْضَرُونَ (32)

اور سب کے سب ہمارے روبرو حاضر کئے جائیں گے

وَآيَةٌ لَهُمُ الْأَرْضُ الْمَيْتَةُ أَحْيَيْنَاهَا

اور ایک نشانی ان کیلئے زمین مردہ ہے کہ ہم نے اس کو زندہ کیا

وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَأْكُلُونَ (33)

اور اس میں سے اناج اگایا پھر یہ اس میں سے کھاتے ہیں

وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنَّاتٍ مِنْ نَخِيلٍ وَأَعْنَابٍ وَفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُونِ (34)

اور اس میں کھجوروں اور انگوروں کے باغ پیدا کئے اور اس میں چشمے جاری کر دیئے

لِيَأْكُلُوا مِنْ ثَمَرِهِ

تاکہ یہ ان کے پھل کھائیں

وَمَا عَمِلَتْهُ أَيْدِيهِمْ ۖ

اور ان کے ہاتھوں نے تو ان کو نہیں بنایا

أَفَلَا يَشْكُرُونَ (35)

پھر یہ شکر کیوں نہیں کرتے؟

سُبۡحَانَ الَّذِي خَلَقَ الۡأَزۡوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنۡبِتُ

الۡأَرۡضُ وَمِنۡ أَنۡفُسِهِمۡ وَمِمَّا لَا يَعۡلَمُونَ (36)

وہ خدا پاک ہے جس نے زمین کی نباتات کے اور خود ان

کے اور جن چیزوں کی ان کو خبر نہیں سب کے جوڑے بنائے

وَآيَةٌ لَهُمُ اللَّيۡلُ

اور ایک نشانی ان کے لئے رات ہے

نَسۡلَخُ مِنۡهُ النَّهَارَ فَإِذَا هُمۡ مُظۡلِمُونَ (37)

کہ اس میں سے ہم دن کو کھینچ لیتے ہیں تو اس وقت ان پر اندھیرا چھا جاتا ہے

وَالشَّمۡسُ تَجۡرِي لِمُسۡتَقَرٍّ لَهَا ۚ

اور سورج اپنے مقررہ راستے پر چلتا رہتا ہے

ذَٰلِكَ تَقۡدِيرُ الۡعَزِيزِ الۡعَلِيمِ (38)

(یہ) خدائے غالب اور دانا کا (مقرر کیا ہوا) اندازہ ہے

وَالۡقَمَرَ قَدَّرۡنَاهُ مَنَازِلَ

اور چاند کی بھی ہم نے منزلیں مقرر کر دیں

حَتَّىٰ عَادَ كَالۡعُرۡجُونِ الۡقَدِيمِ (39)

یہاں تک کہ (گھٹتے گھٹتے) کھجور کی پرانی شاخ کی طرح ہو جاتا ہے

لَا الشَّمۡسُ يَنۡبَغِي لَهَا أَنۡ تُدۡرِكَ الۡقَمَرَ وَلَا اللَّيۡلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۚ

نہ تو سورج ہی سے ہو سکتا ہے کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات ہی دن سے پہلے آ سکتی ہے

وَكُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ (40)

اور سب اپنے اپنے دائرے میں تیر رہے ہیں

وَآيَةٌ لَهُمْ أَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ (41)

اور ایک نشانی ان کے لئے یہ ہے کہ ہم نے ان کی اولاد کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا

وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِنْ مِثْلِهِ مَا يَرْكَبُونَ (42)

اور ان کے کے لئے ویسی ہی اور چیزیں پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں

وَإِنْ نَشَأْ نُغْرِقْهُمْ

اور ہم اگر چاہیں تو ان کو غرق کر دیں

فَلَا صَرِيخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُونَ (43)

پھر نہ تو ان کا کوئی فریاد رس ہو اور نہ ان کو رہائی ملے

إِلَّا رَحْمَةً مِنَّا وَمَتَاعًا إِلَى حِينٍ (44)

مگر یہ ہماری رحمت اور ایک مدت تک کے فائدے ہیں

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّقُوا مَا بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (45)

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو تمہارے آگے اور جو

تمہارے پیچھے ہے اس سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے

وَمَا تَأْتِيهِمْ مِنْ آيَةٍ مِنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ (46)

اور ان کے پاس ان کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی نہیں آتی مگر اس سے منہ پھیر لیتے ہیں

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ أَنْفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو رزق تم کو خدا نے دیا ہے اس میں سے خرچ کرو تو کافر مومنوں سے کہتے ہیں کہ

أَنُطْعِمُ مَنْ لَوْ يَشَاءُ اللَّهُ أَطْعَمَهُ

بھلا ہم ان لوگوں کو کھانا کھلائیں جن کو اگر خدا چاہتا تو خود کھلا دیتا

إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ (47)

تم تو صریح غلطی میں ہو

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ (48)

اور کہتے ہیں کہ اگر تم سچ کہتے ہو تو یہ وعدہ کب (پورا) ہو گا؟

مَا يَنْظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُونَ (49)

یہ تو ایک چنگھاڑ کے منتظر ہیں جو ان کو اس حال میں کہ باہم جھگڑ تے ہوں گے آ پکڑے گی

فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ يَرْجِعُونَ (50)

پھر نہ تو وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھر والوں کے پاس واپس جا سکیں گے

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُمْ مِنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنْسِلُونَ (51)

اور (جس وقت) صور پھونکا جائے گا یہ قبروں سے (نکل کر) اپنے پروردگار کی طرف دوڑ پڑیں گے

قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَرْقَدِنَا ۜ

کہیں گے اے ہے ہمیں ہماری خواب گاہوں سے کس نے (جگا) اٹھایا؟

هَٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ (52)

یہ تو وہی ہے جس کا خدا نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبروں نے سچ کہا تھا

إِنْ كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَدَيْنَا مُحْضَرُونَ (53)

صرف ایک زور کی آواز کا ہونا ہو گا کہ سب کے سب ہمارے روبرو آحاضر ہوں گے

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا

اس روز کسی شخص پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا جائے گا

وَلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (54)

اور تم کو بدلا ویسا ہی ملے گا جیسے تم کام کرتے تھے

إِنَّ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِي شُغُلٍ فَاكِهُونَ (55)

اہل جنت اس روز عیش ونشاط کے مشغلے میں ہوں گے

هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِي ظِلَالٍ عَلَى الْأَرَائِكِ مُتَّكِئُونَ (56)

وہ بھی اور ان کی بیویاں بھی سایوں میں تختوں پر تکئے لگائے بیٹھے ہوں گے

لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَلَهُم مَّا يَدَّعُونَ (57)

وہاں ان کے لئے میوے اور جو چاہیں گے (موجود ہو گا)

سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ (58)

پروردگار مہربان کی طرف سے سلام (کہا جائے گا)

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ (59)

اور گنہگارو آج الگ ہو جاؤ

أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يَا بَنِي آدَمَ أَن لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطَانَ ۖ

اے آدم کی اولاد ہم نے تم کو کہہ نہیں دیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا

إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ (60)

وہ تمہارا کھلا دشمن ہے

وَأَنِ اعْبُدُونِي ۚ

اور یہ کہ میری ہی عبادت کرنا

هَٰذَا صِرَاطٌ مُسْتَقِيمٌ (61)

یہی سیدھا راستہ ہے

وَلَقَدْ أَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيرًا ۖ

اور اس نے تم میں بہت سی خلقت کو گمراہ کر دیا تھا

أَفَلَمْ تَكُونُوا تَعْقِلُونَ (62)

تو کیا تم سمجھتے نہیں تھے؟

هَٰذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ (63)

یہی وہ جہنم ہے جس کی تمہیں خبر دی جاتی ہے

اصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ (64)

(سو) جو تم کفر کرتے رہے اس کے بدلے آج اس میں داخل ہو جاؤ

الْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلَىٰ أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيهِمْ

آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے اور جو کچھ یہ
کرتے رہے تھے ان کے ہاتھ ہم سے بیان کر دیں گے

وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ (65)

اور ان کے پاؤں (اس کی) گواہی دیں گے

وَلَوْ نَشَاءُ لَطَمَسْنَا عَلَىٰ أَعْيُنِهِمْ

اور اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھوں کو مٹا (کر اندھا کر) دیں

فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَأَنَّى يُبْصِرُونَ (66)

پھر یہ راستے کو دوڑیں تو کہاں دیکھ سکیں گے

وَلَوْ نَشَاءُ لَمَسَخْنَاهُمْ عَلَى مَكَانَتِهِمْ

اور اگر ہم چاہیں تو ان کی جگہ پر ان کی صورتیں بدل دیں

فَمَا اسْتَطَاعُوا مُضِيًّا وَلَا يَرْجِعُونَ (67)

پھر وہاں سے نہ آگے جا سکیں اور نہ (پیچھے) لوٹ سکیں

وَمَنْ نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۖ

اور جس کو ہم بڑی عمر دیتے ہیں اسے خلقت میں اوندھا کر دیتے ہیں

أَفَلَا يَعْقِلُونَ (68)

تو کیا یہ سمجھتے ہیں؟

وَمَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْبَغِي لَهُ ۚ

اور ہم نے ان (پیغمبر) کو شعر گوئی نہیں سکھائی اور نہ وہ ان کو شایان ہے

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ وَقُرْآنٌ مُبِينٌ (69)

یہ تو محض نصیحت اور صاف صاف قرآن (پر از حکمت) ہے

لِيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا

تاکہ اس شخص کو جو زندہ ہو ہدایت کا راستہ دکھائے

وَيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكَافِرِينَ (70)

اور کافروں پر بات پوری ہو جائے

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِمَّا عَمِلَتْ أَيْدِينَا أَنْعَامًا

کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ جو چیزیں ہم نے اپنے ہاتھوں سے

بنائیں ان میں سے ہم نے ان کے لئے چار پائے پیدا کر دیئے

فَهُمْ لَهَا مَالِكُونَ (71)

اور یہ ان کے مالک ہیں

وَذَلَّلْنَاهَا لَهُمْ

اور ان کو ان کے قابو میں کر دیا

فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ (72)

تو کوئی تو ان میں سے ان کی سواری ہے اور کسی کو یہ کھاتے ہیں

وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۖ

اور ان میں ان کے لئے (اور) فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں

أَفَلَا يَشْكُرُونَ (73)

تو یہ شکر کیوں نہیں کرتے؟

وَاتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لَعَلَّهُمْ يُنْصَرُونَ (74)

اور انہوں نے خدا کے سوا (اور) معبود بنالئے ہیں کہ شاید (ان سے) ان کو مدد پہنچے

لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَهُمْ

(مگر) وہ ان کی مدد کی (ہرگز) طاقت نہیں رکھتے

وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُحْضَرُونَ (75)

اور وہ ان کی فوج ہو کر حاضر کئے جائیں گے

فَلَا يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ

تو ان کی باتیں تمہیں غمناک نہ کردیں

إِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ (76)

یہ جو کچھ چھپاتے اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں ہمیں سب معلوم ہے

أَوَلَمْ يَرَ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن نُّطْفَةٍ

کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو نطفے سے پیدا کیا

فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ (77)

پھر وہ تڑاق پڑاق جھگڑنے لگا

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَنَسِيَ خَلْقَهُ ۖ

اور ہمارے بارے میں مثالیں بیان کرنے لگا اور اپنی پیدائش کو بھول گیا

قَالَ مَن يُحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ (78)

کہنے لگا کہ (جب) ہڈیاں بوسیدہ ہو جائیں گی تو ان کو کون زندہ کرے گا؟

قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ ۖ

کہہ دو کہ ان کو وہ زندہ کرے گا جس نے ان کو پہلی بار ان کو پیدا کیا تھا

وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ (79)

اور وہ سب قسم کا پیدا کرنا جانتا ہے

الَّذِي جَعَلَ لَكُم مِّنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا

(وہی) جس نے تمہارے لئے سبز درخت سے آگ پیدا کی

فَإِذَا أَنْتُمْ مِنْهُ تُوقِدُونَ (80)

پھر تم اس (کی ٹہنیوں کو رگڑ کر ان) سے آگ نکالتے ہو

أَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَنْ يَخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۚ

بھلا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ (ان کو پھر) ویسے ہی پیدا کر دے؟

بَلَىٰ

کیوں نہیں

وَهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ (81)

اور وہ تو بڑا پیدا کرنے والا اور علم والا ہے

إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَنْ يَقُولَ لَهُ كُنْ

اس کی شان یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس سے فرما دیتا ہے ہو جا

فَيَكُونُ (82)

تو وہ ہو جاتی ہے

فَسُبْحَانَ الَّذِي بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ

اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے

وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (83)

وہ (ذات) پاک ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہت ہے

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com